نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت لاہور میں کپاس کی موجودہ صورتحال بارے جائزہ اجلاس کاانعقاد

امسال صوبہ پنجاب میں کپاس کی کاشت کاہدف 40لاکھ ایکڑمقرر کیا گیا ہے جس کے حصول کیلئے تمام ذرائع بروئے کارلائے جا رہے ہیں۔سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو

لاہور:12اپریل 2024( ) صوبہ پنجاب میں کپاس کی کاشت کاہدف 40لاکھ ایکڑمقرر کیا گیا ہے جس کے حصول کیلئے تمام ممکنہ ذرائع بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ان خیالات کااظہار سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کپاس کی موجودہ صورتحال سے متعلق لاہور میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔انھوں نے کہا کہ کپاس زیادہ سے زیادہ رقبہ پر کاشت یقینی بنانے کیلئے تمام متعلقہ فیلڈ فارمیشنز کو ہدایات دی جا چکی ہیں۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ کمشنرز کی سربراہی میں ڈویژنل کمیٹیوں کے اجلاس باقاعدگی سے منعقد کیے جائیں۔ڈویژنل کمشنرز اور ضلعی ڈپٹی کمشنرز بھی کپاس کی مہم میں محکمہ زراعت سے بھر پور تعاون کریں گے۔ڈپٹی ڈائریکٹرز،ڈسٹرکٹ کمیٹیوں کے اجلاس متعلقہ ڈپٹی کمشنرز کی سربراہی میں منعقد کرائیں۔ڈویژنل اور ڈسٹرکٹ کمیٹیوں کے اجلاس میں عوامی نمائندوں کو مدعو کیا جائے۔انھوں نے افسران کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ گندم کی فصل کی برداشت کے نتیجہ میں جیسے ہی زمین خالی ہو کپاس کی کاشت کے لئے کسانوں کی رہنمائی کی جائے۔عید کی چھٹیوں کے دوران بھی فیلڈ سرگرمیاں جاری رکھی جائیں۔ ڈویژن اور ضلعی سطح کی کمیٹیوں میں بیج، کھاد اور پانی کی فراہمی بارے مسائل کی نشاندہی کی جائے۔نہروں اور راجباہوں میں پانی کی فراہمی کا شیڈول بوائی کو مدنظر رکھ کر تبدیل بھی کیا جاسکتا ہے۔کمیٹیوں میں کاشتکاروں کی نمائندگی اور شمولیت یقینی بنائی جائے۔کپاس کیلئے ڈویژن، ضلع اور تحصیل کی سطح پر آگاہی سیمینارز منعقد کرائے جائیں۔سیکرٹری زراعت نے کہا کہ خریف سیزن میں کھاد کی وافر مقدار میں فراہمی کے لئے وفاقی حکومت سے مسلسل رابطے میں ہیں۔*اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس پنجاب محمد شبیر احمد خان، ڈائریکٹر جنرل (توسیع) ڈاکٹر اشتیاق حسن، ڈائریکٹر جنرل پیسٹ وارننگ ڈاکٹر غلام عباس، ڈائریکٹر جنرل (کراپ رپورٹنگ) ڈاکٹر عبدالقیوم، کنسلٹنٹ محکمہ زراعت، ڈاکٹر انجم علی، نوید عصمت کاہلوں ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب شریک ہوئے جبکہ ڈویژنل ڈائریکٹر (توسیع) بذریعہ ویڈیو لنک شریک ہوئے۔

☆☆☆☆